**18.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .........اسلم بیگ

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام اور مغربی بنگال میں 7ہزار 780 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے دو ریاستوں سے پانچ امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ مشرقی بھارت کی ترقی، ترقی یافتہ بھارت کیلئے لازمی ہے اور مرکز اِس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے کام کر رہا ہے۔

☆ دلّی پولیس کی سائبر ٹیم نے ایک بین ریاستی سرمایہ کاری فراڈ سنڈیکٹ کو بے نقاب کیا ہے۔ اس نے 8 سائبر مجرموں کو گرفتار کیا۔

☆ یوروپی یونین، گرین لینڈ معاملے پر امریکی صدر ٹرمپ کے محصولات کے بعد، آج رات بریسلز میں ہنگامی میٹنگ کرے گی۔

☆ محکمۂ موسمیات نے کل اترپردیش میں دھند اور گہرے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور بہار میں گہری دھند چھائی رہے گی۔

☆ اور مردوں کی کرکٹ میں، وراٹ کوہلی نے سنچری اسکور کی ہے، جبکہ نیوزی لینڈ نے یہ میچ 41رن سے جیت لیا ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**with Add PM West bengal**

وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، سنگ بنیاد رکھا اور آغاز کیا، جن کی لاگت 830 کروڑ روپئے سے زیادہ ہے۔ انھوں نے کولکتہ کو، ملک کے دیگر علاقوں سے ملانے والی، تین امرت بھارت ریل گاڑیوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

وزیر اعظم نے اِس موقع پر کہا کہ اِن سبھی مرکزی پروجیکٹوں سے، مغربی بنگال کی ترقی کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے مشرقی بھارت کی ترقی لازمی ہے اور مرکزی

حکومت اِس مقصد پر کاربند ہے۔ انھوں نے کہا کہ آسام اور مغربی بنگال میں اُن کے اِس دو روزہ پروگرام سے اُن کے عزم کو تقویت ملی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ بنگال میں آبی گذرگاہوں کیلئے زبردست امکانات ہیں اور مرکزی حکومت اِس پر کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ایسے ستون ہیں، جن پر مغربی بنگال کو مصنوعات سازی، تجارت اور لاجسٹکس کا ایک بڑا مرکز بنایا جاسکتا ہے۔

**S/B 2100 PM Multi Model Connet**

وزیر اعظم نے بالاگڑھ میں ''توسیع شدہ پورٹ گیٹ نظام'' کا سنگ بنیاد رکھا، جس میں اندرونِ ملک لوگوں اور سامان کو لانے لے جانے کا ایک ٹرمنل اور ایک پُل شامل ہے۔ انھوں نے کولکتہ میں جدید ترین الیکٹرک Catamaran کا بھی آغاز کیا۔بعد میں سِنگور میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت، مغربی بنگال کے نوجوانوں، کسانوں اور خواتین کی مدد کیلئے لگاتار کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکز کی طرف سے، جو بہت سی فلاحی اسکیمیں شروع کی گئی ہیں، اُن کا مقصد اِس ریاست کے لوگوں کی گزربسر کو بہتر بنانا اور اُن کیلئے موقع فراہم کرنا ہے۔

**S/B 1705 PM Extended Port Gate**

البتہ وزیر اعظم نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت، اِن مرکزی اسکیموں پر عمل درآمد میں رکاوٹ ڈالتی رہی ہے، جس سے اِن کے فوائد لوگوں تک نہیں پہنچ رہے ہیں۔بعد میں سِنگور میں ایک پریورتن سنکلپ سبھا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے حکمراں ترنمول کانگریس کی شدید نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت، مغربی بنگال کے نوجوان، کسانوں اور خواتین کو مدد فراہم کرنے کیلئے مسلسل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی حکومت کے ذریعے شروع کی گئیں مختلف بہبود کی اسکیموں کا مقصد ریاست میں روزی روٹی کو بہتر بنانا اور مواقع وضع کرنا ہے۔ x

## PM Assam

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آسام میں Nagaon ضلعے کے Kaliabor علاقے میں چھ ہزار 950 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے Kaziranga Elevated Corridor پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ 86 کلو میٹر طویل Kaziranga Elevated Corridor پروجیکٹ، ایک ماحولیات سازگار قومی شاہرہ پروجیکٹ ہے۔ اِس میں 35 کلو میٹر طویل Elevated Wildlif کوریڈور ہوگا، جو Kaziranga نیشنل پارکیٹ سے ہوکر گزرے گا۔ پروجیکٹ کا مقصد علاقائی کنیکٹیوٹی کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ پارک کی بیش بہا حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ یہ پروجیکٹ Nagaon، Karbi Anglong اور گولا گھاٹ اضلاع سے ہوکر گزرے گا اور بالائی آسام، خاص طور پر ڈبرو گڑھ اور تین سُکیا کیلئے کنیکٹیوٹی میں نمایاں بہتری لائے گا۔ Elevated Wildlif کوریڈور، جانوروں کی بلا روک ٹوک نقل و حرکت کو یقینی بنائے گا اور انسان اور جانوروں کے درمیان ٹکڑاؤ کو کم کرے گا۔ Kaliabor میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کرنے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ Kaziranga صرف ایک نیشنل پارک ہی نہیں ہے بلکہ یہ آسام کی روح ہے۔

**S/B: PM Kaliabor Corridoor-33 Secs**

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ یونیسکو نے **Kaziranga** کو ایک عالمی ورثے کے مقام طور پر تسلیم کیا ہے۔وزیر اعظم نے آسام کے **Nagaon** ضلع میں **Kaliabor** کے مقام پر دو نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اِن ٹرینوں کے نام ہیں**Kamakhya-Rohtak** : امرت بھارت ایکسپریس اور ڈبڑو گڑھ–لکھنؤ (گومتی نگر) امرت بھارت ایکسپریس۔x

## PM Bagurumba Dwohu

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گواہاٹی میں باگورُمبا دوہو فیسٹیول، اُن کیلئے ایک ناقابل فراموش موقع تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اِس پروگرام کے، ملک بھر میں چرچے ہیں اور لوگ اِس مالامال اور عظیم ثقافت کی بڑے پیمانے پر ستائش کر رہے ہیں۔وزیر اعظم نے اِس تقریب میں نمایاں کئے گئے متحرک بوڈو کلچر کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ دس ہزار سے زیادہ لوگوں کی شرکت اور شاندار لیزر شو قابل دید تھے۔x

## BJP Election

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر کے چناؤ کیلئے نامزدگیاں کل داخل کی جائیں گی۔ پارٹی کے قومی ریٹرننگ افسر کے–لکشمن کی طرف سے جاری چناؤ کی تاریخوں کے مطابق یہ نامزدگیاں دوپہر دو سے چار بجے تک داخل کی جاسکیں گی اور اِن کی جانچ پڑتال سہ پہر چار بجے سے شام پانچ بجے تک کی جائے گی۔ یہ نامزدگیاں شام چھ بجے تک واپس لی جاسکیں گی۔ چناؤ منگل کو ہوگا۔x

## Rajnath Singh

دفاع کے مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ بھارت کا بنیادی مقصد دفاعی مینوفیکچرنگ میں خود کفالت حاصل کرنا ہے۔ وہ ناگپور میں **Kondhali** روڈ کے **Shiva-Savanga** علاقے میں سولر انڈسٹریز کے ذریعے قائم کردہ **Medium Calibre** گولہ بارود تیار کرنے والے ادارے میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس موقع پر**Pinaka Guided** راکٹ کی پہلی تیار کھیپ کووزیر دفاع کی موجودگی میں روانہ کیا گیا۔

## Delhi Syber Fraud

دلّی پولیس سائبر ٹیم نے سرمایہ کاری کے جعلسازی پر مبنی ایک بین ریاستی گروپ کا پردہ فاش کیا ہے اور آٹھ بدنامِ زمانہ سائبر جعلسازوں کو گرفتار کیا ہے۔پولیس کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ابھی منّیو پوسوال کے مطابق اِس گروپ کے کام کرنے کا انداز یہ تھا کہ یہ لوگ واٹس ایپ کال کے ذریعے لوگوں سے رابطہ قائم کرکے اُنھیں سرمایہ کاری کی فرضی اسکیموں میں پھنسایا کرتے تھے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس گروپ کے کام کاج کو کمبوڈیا سے چلایا جاتا تھا۔ جناب پوسوال نے بتایا کہ انھیں ملزمین کے پاس **10** موبائل فون، **13** سم کارڈز اور کئی بینک کھاتے ملے ہیں۔

**S/B 2045 Abhimanyu Poswal**

## J&K Encounter

جموں و کشمیر میں آج کشتواڑ ضلع میں چتّور کے سنگ پورہ علاقے میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان جھڑپ شروع ہوئی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ فائرنگ یہ سلسلہ، ایک جاری مشترکہ تلاشی کارروائی کے دوران شروع ہوا۔ تلاشی کی یہ کارروائی، علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں اطلاع ملنے کے بعد سکیورٹی فورسز نے شروع کی تھی۔ یہ جھڑپ اس وقت شروع ہوئی جب سکیورٹی فورسز نے ایک مشتبہ خفیہ ٹھکانے کو گھیر لیا، جس کے بعد دہشت گردوں نے فائرنگ شروع کر دی۔ دونوں جانب سے فائرنگ کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ گھیرا بندی کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اضافی فورسز بھیجی گئی ہیں۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔x

## Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ میں سکیورٹی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان بیجاپور ضلعے میں کل سے جھڑپ جاری ہے۔ جھڑپ کے مقام سے آج دو اور لاشیں برآمد کی گئیں۔ اِس کے ساتھ جھڑپ میں ہلاک ہونے والے ماؤنوازوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 6ہوگئی ہے، جن میں 6خواتین ماؤنواز شامل ہیں۔ سکیورٹی فوریسز نے جائے وقوع سے مجموعی طور پر چھ رائفلیں برآمد کی ہیں۔ بیجاپور کے SP ڈاکٹر جتیندر یادو نے کہا کہ ضلعے کے شمال مغربی جنگلات اور پہاڑی علاقوں میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں انٹیلیجنس کی رپورٹوں کے بعد، ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ، کوبرا بٹالین اور اسپیشل ٹاسک فورس کی ایک مشترکہ ٹیم نے، کل شام تلاشی کی کارروائی شروع کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان رُک رُک کر فائرنگ کا سلسلہ جاری رہا۔ جھڑپ میں ہلاک ہونے والے تمام ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ x

## FACT Check VBGRAMG

حکومت نے، سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو کا پردہ فاش کیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ قانونی طور پر کم سے کم اجرت، وکست بھارت – روزگار کی گارنٹی اور آجیویکا مشن گرامین ایکٹ کے تحت طے نہیں کی جائے گی۔
پریس انفارمیشن بیورو کے فیکٹ چیک یونٹ نے بتایا ہے کہ وائرل ہونے والا یہ دعویٰ، گمراہ کن ہے۔ یونٹ نے یہ بھی کہا کہ کارکنوں کو دی جانے والی اجرت کی شرح میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی اور روزگار کی قانونی گارنٹی، پہلے ہی کی طرح جاری رہے گی۔x

## EU Emergency Meeting

یوروپی یونین EU آج رات برسلز میں ایک ہنگامی میٹنگ طلب کرے گی۔ یہ میٹنگ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے گرین لینڈ کو امریکہ کی طرف سے امکانی طور پر قبضے میں لئے جانے کی مخالفت کرنے پر آٹھ یوروپی ملکوں پر محصولات عائد کرنے کے اعلان کے تناظر میں کی جارہی ہے۔ یوروپی یونین کے سبھی 27رکن ملکوں کے سفیر، اِس معاملے پر تبادلہ خیال کریں گے۔

اس سے پہلے ٹرمپ نے Truth سوشل پر ایک پوسٹ میں اعلان کیا تھا کہ ڈنمارک، ناروے، سویڈن، فرانس، جرمنی، برطانیہ اور نیدرلینڈس پر اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے 10فیصد محصول عائد کردیا جائے گا۔
انھوں نے یہ بھی کہا کہ یکم جون سے یہ محصول بڑھ کر 25فیصد ہوجائے گا اور یہ اضافہ اُس وقت تک جاری رہے گا جب تک گرین لینڈ کو امریکہ کے ہاتھوں فروخت نہیں کردیا جاتا۔x

## UA Prez Visit

متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زیاد النہیان، وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر، کل بھارت کا سرکاری دورہ کریں گے۔ یہ دورہ، شیخ محمد بن زیاد کا صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد بھارت کا تیسرا سرکاری دورہ ہوگا نیز پچھلی دہائی میں یہ اُن کا پانچواں دورہ ہوگا۔ اُن کا یہ دورہ، حالیہ اعلیٰ سطحی تبادلوں کے بعد ہوا ہے، جن میں ستمبر 2024میں ابوظہبی کے ولیعہد شہزادہ شیخ خالد بن محمد بن زیاد النہیان اور اپریل 2025میں دبئی کے ولیعہد شہزادہ شیخ حمدان بن محمد بن راشد المختوم کے دورے شامل ہیں۔x

## Invitation Republic Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج خصوصی At-Home دعوت نامے کو شیئر کیا ہے جسے 77ویں یوم جمہوریہ کیلئے مہمانوں کو ارسال کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے دعوت نامے کے اس خصوصی پہلو کو اجاگر کیا جس میں شمال مشرقی بھارت کی روایت کی جھلک پیش کی گئی ہے۔ صدر مرمو نے کہا کہ یہ اشٹ لکشمی ریاستوں کے ہنرمند فنکاروں کو خراجِ عقیدت ہے۔x

## Book Fair

52واں عالمی کتاب میلہ آج شام اختتام پذیر ہوا۔ اِس 9روزہ میلے کا اہتمام نیشنل بُک ٹرسٹ نے کیا تھا، جس میں 35سے زیادہ ملکوں کے ایک ہزار سے زیادہ ناشرین نے شرکت کی۔
ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِس میلے میں یکجا کی گئی کہانیوں، خیالات اور ثقافتوں کی طرف، پُرتجسس بچوں سے لے کر پُرجوش نوجوانوں تک اور تجربے کار سینئر شہریوں تک ہر عمر کے قارئین راغب ہوئے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Saklen Akhtar**

اِس سال کا عالمی کتاب میلہ محض کتابوں کا جشن نہیں تھا، بلکہ معلومات، خیالات اور ثقافت سے ایک دوسرے کو واقف کرانے کا ایک متحرک پلیٹ فارم تھا۔ میلے میں ادب، سرحدوں کے پار جاکر براہِ راست قارئین سے رابطے میں آ گیا۔ میلے میں کتابوں کا اجرا کیا گیا، ادبی مباحثے کئے گئے، شاعری سنائی گئی، تعلیمی تبادلۂ خیال کیا گیا اور دورِ حاضر کے معاملات پر مرکوز بہت سے پروگرام پیش کئے گئے۔ اِس سال کے کتاب میلے کی بڑی خاصیتوں میں سے ایک یہ تھی کہ اِس میں بھارتی فوج کی تاریخی–شجاعت اور دانشمندی 75 کے موضوع پر ایک

خصوصی نمائش کا اہتمام کیا گیا، جس میں 500 سے زیادہ کتابیں رکھی گئیں جو مسلح فوجوں کے تعاون کے بارے میں تھیں۔ یہ کتابیں ملک کی قابل فخر فوجی روایات اور قربانیوں کے بارے تھیں۔
ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کل اترپردیش میں گھنے سے بہت گھنے کہرے چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے جبکہ دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور بہار میں بھی گھنے کہرے چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی راجستھان، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بھی گھنے کہرے جیسے حالات برقرار رہیں گے۔ اگلے 24 گھنٹے میں ہماچل پردیش اور اڈیشہ میں سرد لہر جیسا موسم ہوگا۔ جموں وکشمیر، لداخ، گلگت–بلتستان، مظفرآباد اور ہماچل پردیش کے کچھ حصوں میں ہلکی بارش یا برفباری ہوسکتی ہے۔x

## Cricket Ind vs NZ

اِندور میں جاری مردوں کے تیسرے ایک روزہ کرکٹ میچ میں وراٹ کوہلی نے اس میچ شاندار سنچری اسکور کی۔ البتہ نیو زیلینڈ 41رنوں سے یہ میچ جیت گیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیو زیلینڈ کی ٹیم نے 50اووروں میں آٹھ وکٹ کے نقصان پر 337رن بنائے تھے۔ پہلا میچ بھارت کے جیتنے اور دوسرا میچ نیو زیلینڈ کے جیتنے کی وجہ سے یہ بین الاقوامی ایک روزہ سیریز ایک–ایک سے برابر ہوگئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆